Our VOICES MULTILINGUAL

موسم خزاں 2021 | www.houstonisd.org/multilingual | ایڈیشن II شمارہ 1

والدین کے نام پیغام ...

ہماری مہاجرین کمیونٹی کے لیے امید کا جواب

دارالسلام (تنزانیہ) کا مطلب امن کی جگہ ہے، اور اس شہر کا نام ہے جہاں میں پلی بڑھی ہوں۔ میرا نام شیرین حرمین (Shirin Herman) ہے، اور میں یونیورسٹی آف ڈیٹرائٹ (University of Detroit) کی طالبہ ہونے کی وجہ سے امریکہ آئی۔ یونیورسٹی سے B.A. نفسیات میں گریجویٹ کرنے کے بعد، میں منیاپولس، میلان، (اٹلی)، ہوسٹن، فیئر فیلڈ (ٹیکساس) اور پھر ہیوسٹن میں رہی تھی۔ میں نے ہیوسٹن انڈیپنڈنٹ سکول ڈسٹرکٹ میں بطور ESL استانی کام کیا تھا۔

اب میں کثیر اللسانی پروگرامز کے محکمے میں کام کرتی ہوں، مہاجر طلباء اور خاندانوں کو ہیوسٹن اسکول کے نظام سے ہم آہنگ ہونے میں مدد دیتی ہوں۔ اپنے ماضی میں، سیاسی کشمکش کی وجہ سے میں نے دو براعظموں سے راہ فرار اختیار کی، اسی لیے مجھے مہاجرین کی حالت زار سے بہت ہمدردی ہے۔

تنزانیہ، جو مشرقی افریقہ کا ملک ہے، پہلی جگہ تھی جو مجھے چھوڑنا پڑی کیونکہ میرے والد کا کاروبار قومی تحویل میں لے لیا گیا تھا اور ہمارے لیے وہاں رہنا خطرے سے خالی نہ تھا۔ میں بانی اسکول کی تعلیم مکمل کرنے کی خاطر دو سال کے لیے ڈھاکہ، بنگلہ دیش (اس وقت مشرقی پاکستان) گئی تھی۔ بنگلہ دیش میں رہنے کے دوران، میں نے مظاہروں، ہڑتالوں اور عام تشدد کی صورت میں سیاسی کشمکش کا سامنا کیا۔ پھر، میرے والدنے مجھے بھائی کے ساتھ ڈیٹرائٹ رہنے بھیج دیا تھا جو اپنی ریزیڈینسی مکمل کر رہا تھا۔

بھوک کا احساس، تشدد، اور اپنے پیارے ملک، خاندان، اور احباب کو کھونے کے مہاجر قصوں سے میرا گہرا تعلق ہے۔ کسی بھی عمر میں مطابقت مشکل امر ہے اور بہت سے مہاجرین کے لیے زبان سے نابلد ہونا بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ شعبۂ کثیر اللسانی پروگرامز مہاجر کی منتقلی کو آسان بنانے اور تارکین وطن طلباء کی تعلیمی کامیابیاں حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ میرا جذبہ اور زندگی کا مقصد مہاجر طلباء کو ان کے ماضی یا تعلیمی سطح سے قطع نظر، HISD میں ان کی تعلیم جاری رکھنے میں مدد دینا ہے۔

بہرحال، ہر اس مہاجر خاندان جس سے میں ملی ہوں وہ مجھے یہی بتاتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم کے لیے یہاں آئے ہیں اور میں ان کے لیے اسے حقیقت بنانے کے لیے پرعزم ہوں۔

جیسا کہ ظاہر ہوتا ہے، مجھے یہیں ہیوسٹن میں اپنا "امن کا گھر" مل گیا، جو اپنے وطن سے راہ فرار اختیار کرنے والوں کو زندگی دینے اور بذریعہ تعلیم امریکی خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے کام کر رہا ہے۔

ڈسکوری گرین میں کریگ والش (Craig Walsh) نے شیرین کے کام کو یادگار سے کیوں نوازا تھا اس بارے میں جانیں۔ ہیوسٹن کی مہاجر کمیونٹی میں شیرین حرمین کی زندگی بدل دینے والی معاونتوں کے بارے میں مزید پڑھنے کے لیے درج ذیل سائٹ ملاحظہ کریں: https://www.discoverygreen.com/shirin-herman

دانائی کی بات

مجھے یاد ہے کچھ سال قبل، میں نے ایمی چوآ (Amy Chua) کا ایک قول پڑھا تھا، جو تھا کہ *"کیا آپ کو معلوم ہے غیرملکی لہجہ کیا ہوتا ہے؟ یہ بہادری کی نشانی ہے"*۔ جتنا میں اس قول کی بابت سوچتی ہوں، اتنا ہی مجھے ذو لسانی طاقت پر یقین آتا ہے، بلکہ یوں کہیے کہ کثیر اللسانیت کی تاثیر پر۔

دوسری زبان پر دسترس رکھنا ایسے بہت سے دروازے وا کر دیتا ہے جن کے بارے میں دوسرے سوچ بھی نہیں سکتے، جیسے کہ بین الاقوامی مارکیٹس میں عملی حصہ لینا، یا ایک ایسا کیریئر جس کا دارومدار کثیر زبانیں جاننے کے علم پر ہو۔ اس سے بھی زیادہ اہم یہ بات، ان خیالات کو براہ راست سمجھنا ہے جو لوگ دوسری زبانوں سے آپ کو منتقل کر رہے ہیں۔

والدین، اگر آپ یہ اپنی علاقائی زبان میں پڑھ رہے ہیں، تو اس بات کے امکانات ہیں کہ آپ اپنے بچے کی تعلیم، کثیر زبانوں کے علم اور اس کے مستقبل کے بارے میں فکرمند ہیں۔ میں اس سلسلے میں آپ کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتی ہوں کہ بچوں سے اپنی مادری زبان میں گفتگو کریں اور مادری زبان میں پڑھائیں اور ان کے ساتھ مل کر اپنی ثقافت، روایات، اعتقاد منائیں اور ہاں اپنا لہجہ بھی ویسا رکھیں۔ آپ یہاں ہیں یہ یقینا آپ کو اور آپ کے خاندان کو بہادر بناتا ہے۔ تو، ان کو سکھلاتے رہیے کہ کیسے اپنے نسب پہ فخر کرنا ہے کہ وہ کون ہیں اور کہاں سے ہیں: بہادر بچے۔

- مارتھا پرسٹن M. Ed.، (Martha Preston).
ایگزیکٹو ڈائریکٹر، بنیادی اسکول آفس 1

اسکول کے فوائد – خاندانی رابطے

اسکول – خاندان کی شراکت داریاں تخلیق کرنے کی اہمیت

تعلیم میں والدین کی شمولیت طالب علم کی تعلیم کے ساتھ نمایاں طور پر تعلق رکھتی ہے۔ جب والدین ملوث ہوتے ہیں، تو طالب علم کے گریڈز، ٹیسٹ اسکورز، اور کلاس روم میں شرکت بہتر ہوتی ہے۔ اضافی فوائد میں خصوصی تعلیم کے کم انتظامات شامل ہیں، زیادہ سے زیادہ پوسٹ سیکنڈری اندراج، زیادہ حاضری، ڈراپ آؤٹ کی کم شرحیں، اور اعلیٰ خطرے والے روئیوں میں مشغول ہونے کے امکانات میں کمی آتی ہے۔ فوائد طلباء کی سماجی اور جذباتی تعلیم اور مشغولیت تک پھیلے ہوئے ہیں۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ علمی مشغولیت کو بڑھانا (مثلاً، خود کو منظم بنانا سیکھنا)، طرز عمل کی مصروفیت (مثلاً شرکت)، اور نفسیاتی مشغولیت (مثلاً، اسکول کے ساتھ شناخت) تعلیمی کامیابی کے ساتھ نمایاں طور پر تعلق رکھتی ہے۔ مکمل مشغولیت — میں اسکول کی تعلیم کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے — والدین کی اعلیٰ سطح کی شمولیت کی ضرورت ہوتی ہے۔ نوجوان اسکول میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں جب گھر اور اسکول دونوں فعال طور پر معاونت اور مواقع فراہم کرتے ہیں جو کہ طالب علم کی مشغولیت کو فروغ دیتے ہیں۔

اسکول-خاندانی روابط کو فروغ دینے کی اہمیت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم درج ذیل لنک پر کلک کریں: https://files.eric.ed.gov/fulltext/ED497159.pdf

آنے والے ریاستی جائزے

اپنے بچے کے آنے والے ریاستی جائزوں کے بارے میں اچھی طرح سے باخبر رہنے کے لیے ٹیکساس کی تعلیمی ایجنسی کی ٹیسٹنگ ویب سائٹ پر جا کر؛ بس درج ذیل لنک پر کلک کریں: https://tea.texas.gov/sites/default/files/2021-2022-testing%20calendar-updated.pdf

ذُولسانی بچے کی پرورش

گھر میں Imagine Reading کا استعمال

طلباء کے والدین اور نگہداشت کنندگان *Imagine Reading* کے استعمال میں معاونت فراہم کر کے مدد دے سکتے ہیں، ایک ایسا ٹول جو طلباء کو دلچسپ موضوعات کے بارے میں پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے میں مشغول کرنے میں مدد دیتا ہے۔ **https://bit.ly/32OVeMG** پر کلک کر کے والدین دیکھ سکتے ہیں کہ وہ اپنے بچوں کو معاونت فراہم کرنے میں مدد کیسے دے سکتے ہیں: **https://bit.ly/2Qon3cd**. پر کلک کر کے ایک ہسپانوی ورژن بھی دستیاب ہے



ہدایات درج ذیل اقدامات فراہم کرتی ہیں:

- گھر سے Imagine Reading تک کیسے رسائی حاصل کی جائے، بشمول کون سی ڈیوائسز اور براؤزر استعمال کرنا ہے
- کیسے لاگ ان ہوں
- اگر دستیاب نہ ہو، تو اپنے طالب علم کی لاگ ان معلومات کو کیسے بازیافت کریں

سنگل سائن آن پورٹل استعمال کرنے والے اضلاع کو آپ کے طالب علم کے استاد کی فراہم کردہ ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے۔

والدین اور نگہداشت کنندگان اپنے طلباء کی کیسے معاونت کر سکتے ہیں:

1. اپنے طالب علم کو باقاعدہ وقت اور جگہ کا تعین کرنے میں مدد دیں تاکہ وہ Imagine Reading کے استعمال پر توجہ مرکوز کر سکے۔ یہ جاننے کے لیے اپنے طالب علم کے استاد سے رابطہ کریں کہ آپ کے طالب علم کو ہر ہفتے کتنی دیر تک Imagine Reading کا استعمال کرنا چاہیئے (اسے ان کے ہفتہ وار استعمال کا ہدف بھی کہا جاتا ہے)۔
2. اپنے طالب علم کو گھر سے *Imagine Reading میں لاگ ان* ہونے میں مدد دیں اور ان کے پاس موجود نہ ہونے کی صورت میں *لاگ ان معلومات کو بازیافت* کریں۔ گر آپ کا ضلع ایک سنگل سائن آن پورٹل استعمال کرتا ہے، تو اپنے طالب علم کے استاد کی ہدایات پر عمل کریں۔
3. اگر آپ کے طالب علم کو معلوم نہیں کہ کون سا یونٹ اور کہاں سے متن پڑھنا شروع کرنا ہے، تو اپنے طالب علم کے استاد سے رابطہ کریں۔
4. جیسا کہ آپ کا طالب علم پورے تعلیمی سال میں Imagine Reading کا استعمال کرتا ہے، ان سے کہیں کہ وہ عبارتیں جو وہ پڑھتے چلے آ رہے ہیں، آپ کو اونچی آواز میں سنائیں یا آپ کے ساتھ اس کا اشتراک کریں جو وہ سیکھ رہے ہیں کیونکہ وہ مختلف عنوانات کے بارے میں پڑھتے ہیں۔
5. پورے تعلیمی سال کے دوران اپنے طالب علم کے استاد کے ساتھ اس کی پیش رفت کا جائزہ لیں۔ مجموعی پیش رفت کے ساتھ ساتھ ان کی ترقی کی پیمائش، ٹیسٹ کے نتائج، ریاستی ٹیسٹوں کے لیے کارکردگی کی پیش گوئیاں، اور مہارت کے شعبے جہاں وہ کوشش کر رہے ہیں، کے بارے میں بات چیت کریں۔

گھر پر Imagine Reading کے استعمال کے لیے: **https://www.houstonisd.org/Page/192171**

ٹیکساس انگریزی زبان میں مہارتی جائزے کا نظام

اپنے بچے کی زبان میں بہتری پیدا کرنے والے ٹیکساس کے انگریزی زبان میں مہارتی جائزے کے نظام کی اہمیت اور کردار کے بارے میں مزید جانیں۔ آپ کے سوالات کے جوابات متعلقہ لنک پر کلک کر کے حاصل کیے جا سکتے ہیں:

TELPAS کیا ہے، کون، کب اور کیسے شرکت کرتا ہے؟

https://tea.texas.gov/sites/default/files/2020-2021_TELPAS_FAQ.pdf

https://tea.texas.gov/sites/default/files/2020-2021_TELPAS_Spanish_FAQ.pdf

TELPAS میں اپنے بچے کو شریک کروانے کے لیے تیار کرنے کے بارے میں والد/والدہ کے لیے تجاویز:

https://tea.texas.gov/WorkArea/linkit.aspx?LinkIdentifier=id&ItemID=51539628159

https://tea.texas.gov/WorkArea/linkit.aspx?LinkIdentifier=id&ItemID=51539628160 Spanish

جلد آ رہا ہے!!!!

کامیابی کا نقشہ راہ:
اسکولز، والدین اور کمیونٹی میں روابط

HISD کی
کثیر اللسانی ورچوئل کانفرنس برائے والد/والدہ
19 فروری 2022

SCAN TO REGISTER

اس کے بارے میں گردش کرنے والی بہترین آراء سنیں
23 اکتوبر، 2021 کثیر اللسانی کانفرنس
برائے والد/والدہ

متحدہ قوتیں: سب کے لیے ایک!

https://www.houstonisd.org/Page/192171

کثیر اللسانی محکمے کے پُرعزم وکلاء ہمارے تمام HISD خاندانوں کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے جنہوں نے ہمارے بچوں کی تعلیمی، سماجی اور جذباتی نشوونما کو بااختیار بنانے میں ہمارے ساتھ شامل ہونے کا انتخاب کیا۔■

TX میں انگریزی طلباء کے لیے معاونت

ہیوسٹن ISD معاونت کرتا ہے
والد/والدہ کا کورس: **https://bit.ly/3l82RRO**
HISD کے ساتھ گھر پر سیکھنے کے بارے میں معلومات

والد/والدہ کے لیے کثیر اللسانی وسائل
https://www.houstonisd.org/Page/32060

والد/والدہ کے لیے وسائل
ٹیکساس کی تعلیمی ایجنسی معاونت کرتی ہے::
http://bit.ly/3t69k8k

گھر پر سیکھنے والوں کے لیے کارآمد ویب سائٹس
یہ ویب سائٹس انگریزی زبان کی پیشہ ورانہ مہارات کو مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوں گی: سننا، بولنا، پڑھنا اور لکھنا۔
انگریزی: **https://bit.ly/3dyBtxT**
ہسپانوی: **https://bit.ly/3mxiBDH**

انٹرنیٹ فراہم کنندگان: خاندانوں کو مربوط رکھنا
انگریزی: **https://bit.ly/2OteiN2**
ہسپانوی: **https://bit.ly/3mkfFtG**

تعلیمی و خواندگی پروگرامز برائے بالغان
https://bit.ly/3wqVOxl■